| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: اوّل | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: سَلام کرنا | باب چہارم: اخلاق و آداب |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ ایک مسلمان کے لیے اچھے اور عمدہ اخلاق کا مالک ہونا ضروری ہے یہ ایک مومن کی پہچان ہوتی ہے کہ وہ پاکیزہ خیالات و اخلاق کا مالک ہو۔

انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: ''کہ مجھے اخلاق کی تعلیم دینے کے لیے بھیجا گیا ہے۔'' طلبہ کو بتائیں کہ وہ آج کے سبق میں سلام کرنے کی اہمیت جانیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۳ کے دوسرے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ سے عرض کیا: کون سا عمل بہتر ہے؟ آپ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے بندوں کو کھانا کھلانا اور جانا پہچانا اور انجان، ہر ایک کو سَلام کرنا، سب سے افضل عمل ہے۔'' (صحیح بخاری: ۹۲۱)
- طلبہ کو بتائیں ایک دوسرے کو سَلام کرنے کی اِسلام میں بہت اہمیت ہے۔ ایک مسلمان جب اپنے کسی مسلمان بھائی کو سَلام کرتا ہے تو وہ اسے دلی محبت کا اظہار کر رہا ہوتا ہے اور جواب دینے والا بھی سَلام کا جواب دے کر محبت کا اظہار کرتا ہے۔

- انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے معاشرے میں سَلام کو عام کرنے کی تاکید ہے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ بچوں سے ملتے تو سَلام کرنے میں پہل فرماتے۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہمیں چاہیے کہ جب بھی کسی سے ملیں تو سَلام کرنے میں پہل کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اہمیت | اَ۔ہم۔می۔یَت | ضرورت |
| فضیلت | فَ۔ضِی۔لَت | بڑائی۔ برتری |
| واضح | وا۔ ضح | ظاہر |
| پہل | پ۔ہَل | ابتدا۔ شروع |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات ذہن نشین کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (۲) اور (۳) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنے والدین یا کسی بڑے کی مدد سے سَلام کے بارے میں تین اچھی باتیں لکھ کر لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے سَلام کرنے کی اہمیت بارے میں کمرا جماعت میں گفتگو کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: سَلام کرنا |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سَلام کرنے کا طریقہ و آداب سیکھ سکیں۔
- روزمرّہ زندگی میں سَلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب، ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں: کہ سَلام کرنے کی کیا فضیلت ہے؟ طلبہ کو بتائیں ہمیں چاہیے کہ سَلام میں پہل کریں۔ گھر سے نکلتے وقت، داخل ہوتے وقت گھر والوں کو سَلام کریں۔ اسکول میں اپنے اساتذہ کرام اور گارڈ وغیرہ کو بھی سَلام کریں۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۴ پر موجود متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں سَلام کرنا سنّت ہے اور سَلام کرنے میں پہل کرنے والا اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوتا ہے۔
- طلبہ کو سَلام کرنے کے آداب بتائیں کہ چھوٹا بڑے کو سَلام کرے۔ کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو سَلام کریں۔ اگر کوئی شخص سواری پر بیٹھا ہے تو اسے چاہیے کہ پیدل چلنے والے کو سَلام کرے۔ اگر کوئی کھڑا ہے تو بیٹھے ہوئے دوسرے شخص کو سَلام کرے۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی آدمی اپنے بھائی سے ملاقات کرے تو اس کو سَلام کرے، پھر کچھ دیر بعد، دیوار، درخت یا پتھر درمیان میں حائل ہو جائے تو دوبارہ سَلام کرے یعنی جتنی بار ملاقات ہو سَلام کرے۔“ (ابو داؤد: ۵۲۰۰)

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| خاتمہ | خا۔تِ۔مہ | انجام، ختم ہونا |
| فرماں برداری | فرماں، برداری | حکم ماننا |

## اعادہ: 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

مشق جزو (۲) اور (۳) کتاب پر حل کروائیں۔

## گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

سلام کرنے کے آداب پر عمل کرنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟ گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: آج آپ نے کن کن موقعوں پر سلام کیا؟ ہاں یا نہیں کے کالم میں ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔

| | ہاں | نہیں |
| --- | --- | --- |
| ۱ گھر سے نکلتے وقت اپنے گھر والوں کو | | |
| ۲ اسکول میں اپنے دوستوں کو | | |
| ۳ اسکول میں اپنے اُستاد صاحبان کو | | |
| ۴ گھر میں داخل ہوتے وقت | | |
| ۵ کسی مہمان سے ملاقات پر | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: سَلام کرنا |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سَلام کرنے کا طریقہ و آداب سیکھ سکیں۔
- روز مرّہ زندگی میں سَلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا نام لکھوائیں اور طلبہ سے پوچھیں:

- سَلام کرنے کا کیا طریقہ ہے؟
- السلام علیکم کے کیا معنی ہیں؟

طلبہ کو تاکید کریں کہ وہ گھر میں اور گھر سے باہر بھی سَلام کرنے کی عادت کو اپنائیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ وہ گھر میں کن کن موقعوں پر سَلام کرتے ہیں؟ کیا وہ سلام کرنے میں پہل کرتے ہیں؟
- طلبہ کو بتائیں ہمیں چاہیے صبح اُٹھ کر اپنے والدین اور گھر میں موجود تمام افراد کو سلام کریں۔ گھر میں آنے والے مہمانوں کو سَلام کریں۔ گھر سے باہر، دوستوں کو، پڑوسیوں کو سَلام کریں۔
- طلبہ کو سمجھائیں سَلام کرنا ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سنّت ہے لہٰذا آپ خاتم النبیین ﷺ کی سنّت پر عمل پیرا ہو کر سَلام کرنے میں پہل کرنی چاہیے تاکہ ہم سب کے درمیان پیار و محبت کا رشتہ قائم ہو سکے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سیرت | سی۔رَت | عادت |
| عمل پیرا | عمل۔پیرا | عمل کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سَلام کرنے کے آداب پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

مشق کے سوالات یاد کر کے دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں سَلام کرنے کے معاشرتی فوائد کے بارے میں گفتگو کریں۔